خالد پبلک ہائی سکول ہارون آباد

تقریر برائے جماعت تھری تھرڈ ٹرم

نگاہ عشق و مستی میں وہی اول وہی آخر

وہی قرآن ، وہی فرقان ، وہی یسین ، وہی طہ

محترم اساتذہ کرام اور میرے عزیز ساتھیو السلام علیکم ! میری آج کی تقریر کا عنوان ہے

پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

جناب صدر ا

ہمارے پیارے نبی ﷺ اللہ تعالی کے آخری نبی ہیں۔آپ ﷺ کو اللہ نے ساری دنیا کے لیے رحمت بنا کر بھیجا۔آپ ﷺ نے ہمیں سچ بولنا، نماز پڑھنا بڑوں کی عزت کرنا اور سب کے ساتھ اچھا سلوک کرنا سکھایا

آپ ﷺ بچپن سے ہی سچے ایماندار اور نیک تھے۔لوگ آپ کو "صادق" اور "امین" کہتے تھے۔

! عزیز ساتھیو

پیارے نبی ﷺ یتیموں سے پیار کرتے ، غریبوں کی مدد کرتے ، اور کسی کو بھی تکلیف نہیں دیتے تھے۔آپ ﷺ ہمیشہ نرم بات کرتے اور کسی کو برا نہیں کہتے تھے۔

ہم سب کو چاہیے کہ ہم پیارے نبی ﷺ کی سنت پر عمل کریں۔سچ بولیں، نماز پڑھیں ماں باپ کی بات مانیں اور دوسروں کی مدد کریں۔

آخر میں دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں پیارے نبی ﷺ سے سچی محبت عطا فرمائے

اور ہمیں ان کی سنت پر چلنے کی توفیق دے۔

آمین

والسلام